## حصہ "الف" (کثیر انتخابی سوالات)

سوال۱: مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

(۱) ڈاکٹر عبدالسلام کو ______ میں نوبل انعام دیا گیا۔

(الف) کیمسٹری (ب) فزکس (ج) الجبرا (د) بائیولوجی

(۲) محمد بن موسیٰ الخوارزمی نے ریاضی پر ایک اہم کتاب ______ لکھی۔

(الف) طب (ب) الجبر المقابلہ (ج) القانون (د) کیمیا

(۳) ______ کاربن کی دوسری بہروپی شکل ہے۔

(الف) گریفائیٹ (ب) کاربن (ج) لیتھیم (د) امونیم آکسائیڈ

(۴) ______ ایک آفاقی محلل ہے۔

(الف) بجلی (ب) پانی (ج) گیس (د) پیٹرول

(۵) گوشت، دودھ اور مچھلی ہمارے جسم کو ______ فراہم کرتے ہیں۔

(الف) وٹامن ڈی (ب) وٹامن سی (ج) وٹامن اے (د) کوئی وٹامن نہیں

(۶) بنیادی طور پر پاکستان ______ ملک ہے۔

(الف) صنعتی (ب) زرعی (ج) سائنسی (د) کلچرل

(۷) ہم ______ سانس کے ذریعے خارج کرتے ہیں۔

(الف) کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس (ب) امونیم آکسائیڈ

(ج) آکسیجن (د) کاربن مونو آکسائیڈ

(۸) وزن کے لحاظ سے پروٹان اور ______ تقریباً برابر ہوتے ہیں۔

(الف) الیکٹران (ب) نیوٹران (ج) پروٹان (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۹) وائرس کا لفظی مطلب ______ ہے۔

(الف) زہر (ب) قاتل (ج) بم (د) ان میں کوئی نہیں

(۱۰) ______ اور قدرتی گیس دو اور بڑے قدرتی ایندھن ہیں

(الف) پیٹرولیم (ب) معدنیات (ج) سمندر (د) دریا

(۱۱) ہمارے جسم کے غدود اعلیٰ کا نام ______ ہے۔

(الف) پیچولڈی گلینڈ (ب) آئن گلینڈ (ج) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۲) انسانی جسم میں کیلشیم کی مقدار ______ پائی جاتی ہے۔

(الف) 2 فی صد (ب) تین فیصد (ج) چار فیصد (د) ایک فیصد

(۱۳) سب سے کم کمیت والے عنصر کا نام ______ ہے۔

(الف) کاربن (ب) ہائیڈروجن (ج) کیلشیم (د) آکسیجن

(۱۴) پودا اپنی خوراک ______ کی توانائی سے تیار کرتا ہے۔

(الف) سورج (ب) چاند (ج) آگ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۵) الیکٹران ______ برقی چارج ہوتا ہے۔

(الف) منفی (ب) مثبت (ج) چارج نہیں کرتا (د) ان میں سے کوئی نہیں

## حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: کوئی بھی آٹھ سوال حل کریں ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال۲: سائنس ایک امدادی ذریعہ یا پھر انسانیت کیلئے نقصان دہ ہے، بحث کریں۔

سوال۳: زرعی ترقی میں گندھک (سلفر) کے عنصر کی اہمیت واضح کریں۔

سوال۴: انسانی خوراک کیلئے پروٹین کا ذریعہ بیان کریں۔ جسم کے اندر ان کا اثر انداز ہونا بیان کریں۔

سوال۵: غذا کے کم سے کم پانچ ذرائع بتائیں جو نشوونما میں مددگار ہوتے ہیں۔

سوال۶: بیماری کیا ہے؟ کون سے اہم ذرائع بیماریاں پھیلانے کے ذمہ دار ہیں؟

سوال۷: جنگلی حیات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال۸: پاکستان کا فانا اور اسکی اہمیت بیان کریں۔

سوال۹: کچھ ایسے طریقے بتائیں جن سے ہم توانائی کو محفوظ کر سکتے ہیں۔

سوال۱۰: آب و ہوا اور موسم کا فرق بیان کریں اور ان عوامل کے نام بھی بتائیں جو آب و ہوا کی تبدیلی کا باعث ہوتے ہیں۔

## حصہ "ج" (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں تین سوالات کے جواب دیں۔

سوال۱۱: مندرجہ ذیل میں کسی بھی دو پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(ا) کوئلہ (ب) کمپیوٹر (ج) زراعت (د) شکر

سوال۱۲: معدنیات کسے کہتے ہیں؟ پاکستان میں کون کون سی معدنیات پائی جاتی ہیں۔ اور کہاں کہاں پائی جاتی ہیں؟

سوال۱۳: پاکستان کے لئے سائنس اور ٹیکنالوجی کی اہمیت کیا ہے؟ وضاحت سے بیان کریں؟

سوال۱۴: نیوران سے کیا مراد ہے؟ عصبی نیوران میں انکی اہمیت کیا ہے؟

سوال۱۵: زمین کے کٹاؤ سے کیا مراد ہے؟ اس کے کیا کیا نقصانات ہیں؟

سوال۱۶: قانون بقائے توانائی کو بیان کیجئے اور اس کی کچھ مثالوں سے وضاحت کیجئے۔

www.ilmkidunya.com